خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ ٱلْقُرْءَانَ وَعَلَّمَهُ

تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے (بخاری)

# آؤ قرآن پڑھیں

## آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ

### نرسری


تالیف

ڈاکٹر عبد العزیز عبد الرحیم

بانی و ڈائریکٹر: انڈرسٹینڈ القرآن اکیڈمی



UNDERSTAND AL-QURAN ACADEMY

www.understandquran.com

© جملہ حقوقِ اشاعت برائے Edusuite Solutions Private Limited محفوظ ہیں۔
اس کتاب کے کسی بھی حصہ کی بغیر اجازت کاپی، تقسیم
اور کسی بھی ویب سائٹ پر اپلوڈ کرنا ممنوع ہے۔

# آؤ قرآن پڑھیں

| | |
|---|---|
| نام کتاب | آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ (نرسری) |
| تالیف | ڈاکٹر عبدالعزیز عبدالرحیم<br>بانی و ڈائریکٹر: انڈر اسٹینڈ القرآن اکیڈمی |
| ناشر | EduSuite Solutions Private Limited |
| اشاعت پنجم | جولائی 2019 تعداد: 3000 |
| صفحات | 44 |

Publisher

EduSuite Solutions Private Limited
Plot No. 13-6-434/B/41, 2nd Floor, Omnagar,
Langar House, Hyderabad - 500 008.
Telangana - INDIA
Ph.: +91- 9652 430 971 /+91-40-23511371
Website: www.understandquran.com
Email: info@understandquran.com

## ریسرچ و ڈیولپمنٹ ٹیم

محسن صدیقی، محمد فرقان فلاحی،
عامر ارشاد فیضی، عبدالقدوس عمری
عبیداللہ مزمل حق ندوی، ارشاد عالم ندوی
عبدالرب خرم قریشی، اسامہ صالحہ،

## ایڈوائزرس

خورشید انور ندوی۔ فاضل، دارالعلوم ندوۃ العلماء
و کامل، جامعہ نظامیہ حیدرآباد دکن

## معاونین

خواجہ نظام الدین احسن،
ڈاکٹر عبدالقادر فضلانی
دلیل الدین خان

## مترجمین

مجاہد اللہ خان

## عربی فونٹ ڈیزائنرس

شکیل احمد مرحوم (اللہ ان کی قبر کو نور سے بھر دے)، عائشہ فوزیہ

## گرافک ڈیزائنر

کفیل احمد فیضی

## قرآنی (الفاظ) اعداد و شمار

طارق عزیز، مجتبیٰ شریف www.corpus.quran.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

# فہرست اسباق

## حصّہ اوّل — حروفِ تہجّی


| سبق نمبر | سبق کا نام | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | پیش لفظ | 04 |
| | اکیڈمی کا تعارف | 05 |
| | اس کتاب کو کیسے استعمال کریں | 06 |
| | اسباق کی منصوبہ بندی (Lesson plan) کے اجزاء | 07 |
| | تعارفِ مخارج | 08 |
| 01 | میم - باء | 10 |
| 02 | واوٗ - فاء | 12 |
| 03 | ثاء - ذال - ظاء | 14 |
| 04 | تاء - دال - طاء | 16 |
| 05 | زاء - سین - صاد | 18 |
| 06 | لام - نون - راء | 20 |
| 07 | جیم - شین - یاء | 22 |
| 08 | ضاد - کاف - قاف | 24 |
| 09 | ہمزہ - ہا | 26 |
| 10 | عین - حاء | 28 |
| 11 | غین - خاء | 30 |
| 12 | حروفِ تہجّی | 33 |
| | اسلامیات | 34 |
| | ہدایات برائے اساتذہ - حروف کی تعلیم | 42 |






# پیش لفظ

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، أَمَّا بَعْد!**

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ”تم میں بہتر شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے“۔ (بخاری)

قرآن کو صحیح طریقہ سے پڑھنا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے کیونکہ تلاوت قرآن کا بہت زیادہ ثواب ہے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جو شخص کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھے اس کے لیے اس حرف کے عوض ایک نیکی ہے اور ایک نیکی کا اجر دس نیکی کے برابر ملتا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ پورا ”الٓمّ“ ایک حرف ہے بلکہ ”الف“ ایک حرف، ”لام“ ایک حرف اور ”م“ ایک حرف ہے۔ (ترمذی)

ایک اور حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: قرآن کریم کا ماہر مقرب فرشتوں کے ساتھ ہو گا، اور جو شخص قرآن مجید کو اٹک اٹک کر پڑھتا ہے اور اس میں دقّت اٹھاتا ہے اس کے لیے دہرا ثواب ملے گا۔ (متفق علیہ)

قرآن کے اس کورس کو تیار کرنے میں ہم نے اس بات کی بھرپور کوشش کی ہے کہ یہ بچوں اور بڑوں کے لیے آسان اور یکساں طور پر مفید ہو اور ان کے لیے قرآن کو پڑھنا آسان ہو جائے۔ ان شاء اللہ آپ اس کورس کو آسان، دلچسپ، اور جدید تدریسی طریقہ پر مبنی پائیں گے، جو طلبہ کے ساتھ ساتھ اساتذہ کے لیے بھی یکساں طور پر آسان اور مفید ثابت ہو گا۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہماری ان حقیر کوششوں کو قبول کرے۔

آپ سے یہ گزارش ہے کہ جہاں جہاں ہو سکے، اسکول، مدرسہ، مسجد، محلے اور خاندانوں میں اس کا تعارف کرائیں، تا کہ اس امت میں قرآن کو صحیح پڑھنے کا اور قرآن کو سمجھنے کا رواج عام ہو۔

ہم ان سب احباب کے تہہ دل سے مشکور ہیں جنھوں نے اس کام کی تکمیل میں حصہ لیا، جیسے ریسرچ وڈیولپمنٹ ٹیم، ایڈوائزرس معاونین، مترجمین، فونٹ ڈیزائنرس، اسی طرح میں اپنے والدین، اہلیہ تابندہ تحسین، فرزندان سلیمان، اسامہ اور دختر سماح کا بھی ممنون ہوں جنھوں نے ہر مرحلہ میں میرا ساتھ دیا اور میری مدد کی، اللہ سے دعا ہے کہ وہ ان سب کو اجر عظیم سے نوازے۔ آمین

اب یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ بحیثیت اسکول انتظامیہ، ناظم، اساتذہ اور والدین جہاں جہاں ہو سکے، مسجدوں محلوں اور خاندانوں میں اس کا تعارف کرائیں؛ تا کہ نئی نسل اس نصاب سے بھرپور فائدہ حاصل کرے اور اس امت میں قرآن کو صحیح پڑھنے اور سمجھنے کا رواج عام ہو۔

اللہ سے دعا ہے کہ ہمیں غلطیوں سے محفوظ رکھے اور اگر ہو گئی ہوں تو معاف فرمائے۔ اگر آپ اس میں کوئی غلطی دیکھیں تو براہ کرم ضرور مطلع فرمائیں تا کہ اگلے ایڈیشن میں اس کی تصحیح ہو سکے۔ ساتھ ہی ساتھ اپنے مشوروں سے بھی نوازیں تا کہ ان کو بھی اگلے ایڈیشن میں شامل کیا جا سکے۔ جو بھی طالب علم آپ کے دیے ہوئے مشورے کی روشنی میں آسانی پائے گا، اس کا اجر ان شاء اللہ آپ کو بھی ملے گا۔ اس لیے مشورے دینے میں ہرگز پیچھے نہ ہٹیں۔ جَزَاكُمُ اللهُ خَيْرًا

عبدالعزیز عبدالرحیم
info@understandquran.com

# اکیڈمی کا تعارف

www.understandquran.com

**اکیڈمی کے مقاصد:** (۱) قرآن سے دوری کو دور کیا جائے اور ایسی نسل کی تیاری میں مدد کی جائے جو قرآن کو پڑھے، سمجھے، عمل کرے اور دوسروں تک اس کے پیغام کو پہنچائے (۲) قرآن کو سب سے دلچسپ، آسان، مؤثر اور روزانہ کی زندگی میں سب سے زیادہ کام آنے والی اور دنیا اور آخرت کی کامیابی کا راستہ دکھانے والی کتاب کے طور پر پیش کیا جائے (۳) رسول اللہ ﷺ کی محبت وعظمت پیدا کرنے کی نیت سے احادیث کی بنیادی تعلیم فراہم کی جائے کیونکہ آپ کی زندگی قرآن کا عملی نمونہ ہے۔ (۴) قرآن پاک کو آسان انداز میں تجوید کے ساتھ پڑھنا سکھایا جائے (۵) اسکولس، مدارس، مکاتب اور عام لوگوں کے لیے ضروری چیزیں (کتابیں، سی ڈیز، پوسٹرس وغیرہ) علماء کی نگرانی میں تیار کیے جائیں اور انہیں ایک نصاب کے طور پر پیش کیا جائے (۶) مشغول اور تجارت پیشہ افراد کے لیے مختصر مدتی کورسس (شارٹ کورسس) منعقد کیے جائیں (۷) سیکھنے سکھانے کے آسان اور نئے طریقوں کو استعمال کرتے ہوئے قرآن کے سیکھنے کو آسان بنایا جائے۔

واضح رہے کہ اس کا مقصد قرآنی علوم کے ماہرین کو تیار کرنا نہیں ہے کیوں کہ یہ کام ماشاءاللہ دیگر مدارس اور ادارے کر رہے ہیں، بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ عام مسلمان اور اسکول کے طلبہ قرآن کے بنیادی پیغام کو سمجھ سکیں۔

**یہ کام کیوں؟:** غیر عرب مسلمانوں کی اکثریت قرآن کو نہیں سمجھتی ہے۔ آج کی نسل کے لیے قرآن سے تعارف انتہائی ضروری ہے کیوں کہ ایک طرف تو بے حیائی کا طوفان ہے جس میں کسی کی بات کا اثر اتنا نہیں ہو سکتا جتنا اللہ کے کلام کا ہوگا، اور دوسری طرف تقریباً ہر طرف سے دین اسلام، محمد ﷺ کی ذاتِ اقدس اور قرآنِ کریم پر حملوں کا سلسلہ جاری ہے، پوری کوشش کی جارہی ہے کہ مسلمانوں کا ایمان قرآن سے ختم ہوجائے یا کمزور ہوجائے اور وہ اللہ ورسول سے غافل ہوجائیں۔ ان حالات میں ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم نئی نسل کو قرآن سمجھائیں اور ان کو بنیادی اعتراضات کا مقابلہ کرنے کے قابل بھی بنائیں، ان شاءاللہ جب وہ قرآن سمجھیں گے تو اپنی دنیا و آخرت میں کامیاب ہوں گے اور دوسروں کو بھی اس کی دعوت پیش کرسکیں گے۔

**مختصر تاریخ:** 1998 میں www.understandquran.com بنائی گئی۔ الحمدللہ اس وقت سے قرآن مجید کو آسان اور مؤثر طریقوں کے ذریعہ سمجھنے اور سمجھانے کے لیے مختلف کتابوں کی تیاری یا ان کے تراجم پر کام کیا جارہا ہے۔ قرآن فہمی کا پہلا کورس (پچاس فیصد قرآنی الفاظ) تقریباً ۲۵ مختلف ممالک میں پڑھایا جارہا ہے اور اس کا کم وبیش ۲۰ عالمی زبانوں میں ترجمہ بھی کیا جاچکا ہے۔ اس کے علاوہ یہ کورس پانچ ملکی وعالمی ٹی وی چینلس پر بھی نشر کیا جاچکا ہے۔ اس وقت تقریباً 2000 سے زائد اسکولس میں "آؤ قرآن پڑھیں تجوید کے ساتھ" اور "آؤ قرآن سمجھیں آسان طریقے سے" کے کورسس جاری ہیں، الحمدللہ۔

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ''بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً'' (پہنچادو میری طرف سے اگرچہ ایک آیت ہی ہو)، تو آیئے ہم سب مل کر اس کام کو آگے بڑھائیں! آپ جہاں بھی ہوں، کوشش کریں کہ اس کورس کو سیکھیں اور وہاں کی مسجد، محلے، اسکول، مدرسہ وغیرہ میں اس کا تعارف کرائیں اور بچوں اور بڑوں کو اس اہم کام سے جوڑیں۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ اپنی عظیم الشان کتاب کی خدمت میں کیے گئے ہمارے ان چھوٹے موٹے کاموں کو قبول کرے، ہمیں ریاکاری اور دوسرے تمام گناہوں سے بچائے اور غلطیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْم، وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْم، وَاغْفِرْ لَنَا، اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْم ۔وَجَزَاكُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ۔

# اس کتاب کو کیسے استعمال کریں

## کتاب کے بارے میں

اس کتاب ”آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ“ (نرسری) میں بنیادی طور پر دو حصے ہیں، پہلا حصہ تجوید سے متعلق ہے جبکہ دوسرا حصہ اسلامیات پر مشتمل ہے۔ سبق نمبر: ۱ سے سبق نمبر: ۱۲ تک تمام حروف تہجی موجود ہیں، جس میں ہر سبق میں صرف دو حروف (مکمل شکل میں) سکھائے گئے ہیں۔ کم عمر بچوں کی نفسیات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان حروف کو مختلف شکلوں، کہانیوں اور جدید تدریسی تکنیک جیسے ٹی پی آئی (TPI: Total Physical Interaction) وغیرہ کی مدد سے سکھانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ سبق نمبر: ۱۲ میں تمام حروف تہجی صوتی ترتیب پر اور مروجہ ترتیب پر ایک ساتھ دیے گئے ہیں۔

سبق نمبر: ۱۳ سے سبق نمبر: ۲۰ میں نرسری کلاس کے طلبہ کے لیے ”اسلامیات“ یعنی ضروری اور بنیادی اسلامی تعلیمات موجود ہیں۔ ان میں سے ہر سبق میں مندرجہ ذیل عناوین ہیں:

۱ عقائد — اس کے تحت توحید و رسالت، فرشتے، جنت و جہنم، آخرت، ثواب و عقاب جیسے مضامین پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

۲ دعا — روزانہ پڑھی جانے والی دعاؤں میں سے منتخب کردہ چھوٹی چھوٹی اور آسان دعائیں اس کے ضمن میں پیش کی گئی ہیں۔ بہتر ہوگا کہ استاذ اپنے طلبہ کی صلاحیت کو محسوس کرتے ہوئے ان دعاؤں کو زبانی یاد کروانے کی کوشش کرے۔

۳ اخلاق — اس عنوان کے ضمن میں سونے جاگنے، صفائی ستھرائی، کھانے پینے کے آداب بیان کیے گئے ہیں۔

۴ سیرت — کم عمر طلبہ میں ابتداء ہی سے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور عظمت پیدا کرنے کی نیت سے آپ ﷺ کی زندگی کو مختصر انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

۵ قرآن — اس کے تحت قرآن مجید کی منتخب سورتیں جیسے: سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص اور سورۂ کوثر دی گئی ہیں۔ چونکہ ابھی طلبہ کم عمر ہوتے ہیں اس لیے کوشش تو یہی کی جائے کہ یہ سورتیں انہیں زبانی یاد ہو جائیں، یا کم از کم انہیں صحیح انداز میں اور تجوید کے ساتھ ان سورتوں کو پڑھنے کی مشق ضرور کروائی جائے، تاکہ اگلے سالوں میں انہیں ان سورتوں کا اعادہ کرتے وقت زیادہ دقت پیش نہ آئے۔

اس کتاب میں سالانہ پلان اور لیسن پلان کا ایک نمونہ بھی موجود ہے، نیز اس کورس کو پڑھانے کے لیے اساتذہ کے لیے ایک رہنما کتابچہ (ٹیچر گائڈ) ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہے، مزید تفصیل کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ کریں: www.understandquran.com

## اس کورس کے نفاذ کی تفصیلات

1 اس کورس کو بہتر انداز میں مکمل کرنے کے لیے کم از کم ہفتہ بھر میں سے تین تدریسی گھنٹے (پیریڈ) مطلوب ہیں۔
2 انڈر اسٹینڈ القرآن اکیڈمی کی جانب سے سند یافتہ ٹیچر اگر یہ کورس پڑھائے تو بہتر ہے۔
3 یہ کورس اسمارٹ کلاس روم میں پریزینٹیشن اور ویڈیو کی مدد سے بھی پڑھایا جاسکتا ہے۔
4 یہ کورس ٹیکسٹ بک، ورک بک، پریزینٹیشن، ویڈیوز، پوسٹرز، فلیش کارڈز، گیمس اور ٹیچر گائڈ پر مشتمل ہے۔
5 مزید تفصیلات کے لیے ویب سائٹ سے رجوع کیا جائے: www.understandquran.com
6 یہ تفصیل اس وقت ہے جب اس کورس کے لیے تیس ہفتے (۳ پیریڈ/ہر ہفتہ) مخصوص کیے جائیں۔ یہاں سالانہ شیڈول کا نمونہ دیا جا رہا ہے:

| ہفتہ (۲پیریڈ) | کام | ریمارکس |
|---|---|---|
| ہفتہ: 1 | سبق:۱ | |
| ہفتہ: 2 | اسلامیات | |
| ہفتہ: 3 | سبق:۲ | |
| ہفتہ: 4 | اسلامیات | |
| ہفتہ: 5 | سبق:۳ | |
| ہفتہ: 6 | اسلامیات | |
| ہفتہ: 7 | اعادہ، مشق | |
| ہفتہ: 8 | سبق:۴ | |
| ہفتہ: 9 | اسلامیات | |
| ہفتہ: 10 | سبق:۵ | |
| ہفتہ: 11 | اسلامیات | |
| ہفتہ: 12 | | |
| ہفتہ: 13 | | |
| ہفتہ: 14 | | |
| ہفتہ: 15 | | |

| ہفتہ (۲پیریڈ) | کام | ریمارکس |
|---|---|---|
| ہفتہ: 16 | | |
| ہفتہ: 17 | | |
| ہفتہ: 18 | | |
| ہفتہ: 19 | | |
| ہفتہ: 20 | | |
| ہفتہ: 21 | | |
| ہفتہ: 22 | | |
| ہفتہ: 23 | | |
| ہفتہ: 24 | | |
| ہفتہ: 25 | | |
| ہفتہ: 26 | | |
| ہفتہ: 27 | | |
| ہفتہ: 28 | | |
| ہفتہ: 29 | | |
| ہفتہ: 30 | | |

## ہدایات: اسباق کی منصوبہ بندی (Lesson plan) کے اجزاء

نیچے لیسن پلان کے اجزاء متعینہ وقت کے ساتھ ذکر کیے گئے ہیں، اس کے علاوہ "آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" کی ٹیچر گائڈ بھی تیار کی گئی ہے، مزید تفصیلات کے لیے ویب سائٹ: www.understandquran.com سے رجوع کریں۔

| نمبر شمار | عنوان | وقت (منٹ) |
|---|---|---|
| 1 | **ابتداء / سلام:** کلاس میں استاد کی آمد نہایت پر جوش اور بہتر انداز میں اور مسکراہٹ بھرے چہرے کے ساتھ ہو!<br>• استاد تمام طلبہ کی جانب دیکھتا ہے اور خوشگوار طریقے سے اتنی آواز میں سلام کرے کہ تمام طلبہ سن سکیں۔<br>• ابتدائی پانچ منٹ میں اپنا سامان مرتب کرنے یا حاضری لینے کا کام نہ کریں نہ ہی طلبہ کو کسی دوسرے کام میں لگائیں۔<br>• طلبہ سے مثبت اور شوق دلانے والا نکتہ کہیں، درسگاہ میں خوشی اور مثبت ماحول پیدا کرنے کی غرض سے طلبہ کو احساس دلائیں کہ آج آپ بہت اچھے موڈ میں ہیں۔ طلبہ میں موجود خامیوں یا کوئی اور منفی بات کا یا نظام یا موسم وغیرہ کے منفی پہلوؤں پر تبصرہ نہ کریں۔<br>• طلبہ سے پوچھیں: "كَيْفَ حَالُكُمْ" اور انہیں جواب میں مسکراتے ہوئے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" کہنا سکھائیں۔ کوئی اچھی چیز کا ضرور تذکرہ کریں مثلاً موسم اچھا ہو تو کہیں کہ آج صبح کتنی اچھی ہوا چل رہی تھی یا آسمان کتنا خوبصورت ہے یا بارش وغیرہ۔<br>کلاس کی ابتداء اور اس سے متعلق امور پر مشتمل ایک مکمل لسٹ ٹیچرس گائڈ کے تحت فراہم کی گئی ہے۔ | 1 |
| 2 | **تزکیہ (اللہ کا ذکر):** اس بات کی جانب خصوصی توجہ دی جائے کہ طلبہ میں ذکر کرنے کی عادت پیدا ہو، اس سے انہیں زندگی کے مختلف شعبوں میں بہت سارے فائدے حاصل ہوں گے۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ استاد خود ذکر کے الفاظ کہے اور طلبہ سے انہیں دہرانے کے لیے کہے۔ مثال کے طور پر دس مرتبہ "اللہ اکبر"، دس مرتبہ "سبحان اللہ" وغیرہ۔<br>تزکیہ (اللہ کا ذکر) اور اس سے متعلق عناوین پر مشتمل ایک مکمل لسٹ ٹیچرس گائڈ کے تحت فراہم کی گئی ہے۔ | 1 |
| 3 | **تربیت / زندگی میں کام آنے والی مہارتیں (تطبیق اسلام):** طلبہ میں زندگی میں کام آنے والی مہارتیں پیدا کرنا اور انہیں اچھے اخلاق سے آراستہ کرنا تدریس کا ایک اہم اور بنیادی حصہ ہے۔<br>• روزانہ طلبہ کو سنت رسول ﷺ کی روشنی میں حاصل ہونے والی مہارتوں سے آگاہ کرتے رہیں۔<br>• مثال کے طور پر مسکرانا، غصہ پر قابو پانا، والدین کو خوش رکھنا، سلام کرنا، دوسروں کی غلطیوں کو معاف کرنا، خود کی غلطی پر معافی مانگ لینا وغیرہ۔ یہ تمام چیزیں سیرت رسول ﷺ، صحابہ کرام اور نیک لوگوں کے واقعات کی مدد سے سکھائی جائیں۔<br>تربیت سے متعلق عناوین پر اور دعاؤں پر مشتمل ایک مکمل لسٹ ٹیچرس گائڈ کے تحت فراہم کی گئی ہے۔ | 1 |
| 4 | **طلبہ کے لیے دعا:** استاد و شاگرد کے درمیان ایک سچا اور مفید تعلق پیدا کرنے کے لیے یہ بہت ضروری ہے کہ استاد اپنے طلبہ کے حق میں خیر خواہ ہو۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ وہ روزانہ طلبہ کو کوئی نہ کوئی دعا دیتا رہے۔ مثال کے طور پر استاد اپنے شاگرد کو دعا دیتے ہوئے کہے: اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا میں بھی کامیابی عطا فرمائے اور آخرت میں جنت سے نوازے۔<br>تربیت سے متعلق عناوین پر مشتمل ایک مکمل لسٹ ٹیچرس گائڈ کے تحت فراہم کی گئی ہے۔ | ½ |
| 5 | **اسلامی تعلیمات (اسلامیات):** اسلامیات کے عناوین مختصر انداز میں شامل کیے گئے ہیں۔ | 5 |
| 6 | **سورتوں کی مشق (حفظ اور تجوید میں مہارت):** طلبہ استاد کے پڑھنے کے بعد دہرائیں، نیز استاد عام طور پر ہونے والی غلطیوں کی جانب توجہ دلائے۔<br>کلاس کے اعتبار سے سورتوں پر مشتمل ایک مکمل لسٹ ٹیچرس گائڈ کے تحت فراہم کی گئی ہے۔ | 2 |
| 7 | **اعادہ:** نئے سبق کی ابتدا کرنے سے پہلے گزشتہ سبق کا اعادہ کرلیا جائے، اس سے گزشتہ اسباق میں پڑھے گئے مواد کو ذہن میں تازہ رکھنا آسان ہوتا ہے۔<br>اسباق کے اعادہ کے لیے ایک مجوزہ خاکہ ٹیچرس گائڈ کے تحت فراہم کیا گیا ہے۔ | 3 |
| 8 | **مشق:** بصری ذخیرۂ الفاظ پیدا کریں یعنی بار بار آنے والے الفاظ کی خوب پہچان کروائی جائے تاکہ بچہ ایک جھلک میں وہ لفظ پہچان لے: طلبہ استاد کے بعد کئی مرتبہ الفاظ کو دہراتے ہیں، اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبہ دو سکینڈ کے اندر الفاظ کو پڑھنے کے قابل بن جائیں۔<br>• صوتی ذخیرۂ الفاظ پیدا کریں: استاد جب کوئی لفظ پڑھے تو طلبہ انہیں فوری پہچان سکیں۔ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ طلبہ دو سکینڈ کے اندر اسی لفظ کو دہرا سکیں۔<br>• ورک بک کو مکمل کرنا، فلیش کارڈ کا استعمال، گروپ کی شکل میں مقابلے (اسکور بورڈ کے ساتھ) لکھنے کی مشق وغیرہ جیسے کام بھی کروائے جائیں۔ | 10 |
| 9 | **"آؤ قرآن پڑھیں" سبق:** ہر سبق کو پڑھنے سے حاصل ہونے والے فوائد و نتائج کی فہرست بنائیں۔ نیز نئے سبق کی ابتدا کرنے سے پہلے کچھ سوالات ضرور پوچھے جائیں۔<br>• واضح ہدایات: اس کے تحت عنوان، کسی قاعدہ یا حرف کی وضاحت یا استعمال کے لیے کچھ مثالیں دی گئی ہیں (اگر ضرورت ہو تو) | 8 |
| 10 | **طلبہ کا جائزہ، اجتماعی جائزہ:** استاد تمام طلبہ کا مجموعی طور پر امتحان لے کہ ان کی الفاظ کو سمجھنے، یاد کرنے کی بصری و صوتی صلاحیت کیسی ہے۔<br>• انفرادی جائزہ: جو طلبہ پڑھنے اور سیکھنے کے مرحلہ میں کمزور محسوس ہوں ان کو مزید توجہ اور اصلاح کی غرض سے اضافی کلاس میں بھیجیں۔ | 5 |
| 11 | **نظر ثانی اور سبق کا اختتام:** کلاس میں طلبہ نے جو کچھ پڑھا، مختصر طور پر اس کا خلاصہ پیش کیا جائے۔ | 2 |

# حصّہ اوّل




# تعارفِ مخارِج
# حروفِ تہجّی


حروف کی آواز کے نکلنے کی جگہ کو مخرَج کہتے ہیں، مخارِج ، مخرَج کی جمع ہے، کسی حرف کا مخرَج معلوم کرنا ہو تو اس کو ساکن کردیں اور اس سے پہلے زبر والا الف (اَ) یعنی ہمزہ لگا کر پڑھیں، جہاں آواز ختم ہو وہی اس حرف کا مخرَج ہوگا، جیسے : اَجْ، اَمْ، اَقّ وغیرہ۔

مخارِج کو یاد رکھنے کے لیے ایک نظم دی جارہی ہے، اس کو اچھی طرح یاد کر لیجیے، معلّمین سے گزارش ہے کہ جب وہ نظم پڑھائیں تو ہر مخرَج پر (خود کے چہرے پر) انگلی سے اشارہ کریں اور بچوں سے بھی کروائیں۔

## حروفِ تہجی کی نظم


چار ہیں ہونٹوں سے: م ب و ف
زبان کی نوک سے ہیں بارہ:
ث ذ ظ، ت د ط، ز س ص، ل ن ر
زبان کے بیچ سے ہیں: ج ش ی
اور کناروں سے ہیں: ض ك ق
چھ ہیں حلق سے: ء ہ، ع ح، غ خ
اور منہ کے خالی حصہ سے الف

نُ +
ق غ خ
+ ـَا




موٹا، اونچا (استعلاء)

نُ +
ص ض ط ظ
+ ـَا




بہت موٹا، اونچا (إطباق)



نیچا (استفاله)

ـَـُ اللهِ
رَا رُ ـرَ ـرُ



موٹا (تفخیم)

**نوٹ:** اس قاعدے میں مخارِج کا لحاظ کرکے حروف کو ترتیب دیا گیا ہے، تاکہ حروف کے ساتھ آسانی سے مخارِج بھی یاد ہو جائیں، آسانی کے لیے ہر حرف کے ساتھ اس کا تلفظ بھی دیا گیا ہے، بچوں کو اسی طرح حروف یاد کرائے جائیں۔

بچوں کے ذہنوں میں یہ بات بٹھادینی چاہیے کہ ہر حرف کو عربی کے صحیح مخرَج کے ساتھ ہی سیکھنا چاہیے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

سبق نمبر
01

## میم - باء

| | |
|---|---|
| ب | م |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| م | ب | م | ب | م |
| ب | م | ب | م | ب |
| م | ب | م | ب | م |

سبق نمبر
02

## واؤ - فاء

| | |
|---|---|
| و | ف |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| و | ف | و | ف | و |
| ف | و | ف | و | ف |
| م | ف | و | ب | ف |
| و | م | ف | م | و |

سبق نمبر 03

## ثاء - ذال - ظاء

| | | |
|---|---|---|
| ث | ذ | ظ |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ث | ذ | ظ | و | و |
| ف | و | ث | ذ | ظ |
| ب | م | ذ | ف | ث |
| ث | ذ | و | ظ | ب |

سبق نمبر
04

## تاء - دال - طاء

| | | |
|---|---|---|
| ت | د | ط |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ت | د | ط | ذ | ظ |
| ث | ذ | ظ | د | ط |
| ف | م | ذ | و | ب |
| ب | و | ف | م | ث |

سبق نمبر 05

## زاء - سین - صاد

| | | |
|---|---|---|
| ص | س | ز |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ث | ظ | ص | ز | س |
| ف | ب | ط | و | ص |
| س | ظ | م | د | ط |
| ث | ص | ف | ز | ب |

سبق نمبر 06

# لام - نون - راء

| | | |
|---|---|---|
| ل | ن | ر |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ن | ر | ل | ث | ز |
| ب | ذ | ظ | ف | ر |
| ت | س | ص | ت | و |
| ث | ل | ظ | س | د |

سبق نمبر 07

## جیم - شین - یاء

| | | |
|---|---|---|
| ي | ش | ج |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| و | ف | ش | ي | ج |
| ز | و | ي | س | ن |
| ل | ي | ث | ص | س |
| و | ج | ظ | ش | ظ |

سبق نمبر 08

## ضاد - کاف - قاف

| | | |
|---|---|---|
| ض | ك | ق |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ق | ك | ض | ش | و |
| ف | ل | ص | س | ر |
| ب | ن | ظ | ك | ق |
| ك | ق | ط | ر | ذ |

سبق نمبر 09

## حلق کے حروف - (ہ ء)

| | |
|---|---|
| ء | ہ |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ء | ہ | ي | د | ذ |
| ي | ذ | ف | ء | ي |
| ج | ء | ب | و | ض |
| ف | د | ث | ع | ظ |

سبق نمبر
10

## حلق کے حروف - (حع)

| | |
|---|---|
| ع | ح |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ع | ح | ج | ء | س |
| ء | س | ي | ذ | ص |
| ض | ش | ع | ه | ل |
| ظ | ع | ح | ذ | م |

سبق نمبر 11

## حلق کے حروف - (غ خ)

| | |
|---|---|
| خ | غ |

مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ج | ي | ء | خ | غ |
| ن | ش | ه | ح | ع |
| غ | ظ | د | ج | ء |
| خ | ل | ز | س | و |

سبق نمبر 12

## حروفِ تہجّی

### حروفِ تہجّی (مخارِج کی ترتیب سے)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| م | ب | و | ف | ا | |
| ث | ذ | ظ | ت | د | ط |
| ز | س | ص | ل | ن | ر |
| ج | ش | ی | ض | ك | ق |
| ء | ہ | ع | ح | غ | خ |

### حروفِ تہجّی (رائج ترتیب)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ت | ث | ج | ح |
| خ | د | ذ | ر | ز | س |
| ش | ص | ض | ط | ظ | ع |
| غ | ف | ق | ك | ل | م |
| ن | و | ہ | ء | ی | |


عقائد
دعاء
قرآن
اسلامیات
اخلاق وآداب
سیرت رسول

# سبق - 1

**عقائد**

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

**قرآن**

جب ہم یہ پڑھتے ہیں تو شیطان کے حملوں سے محفوظ ہو جاتے ہیں:

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

**حدیث**

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا. (مسلم: 384)

ترجمہ: جو کوئی مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر اس کے بدلے دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

**دعا**

سونے سے پہلے یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا

ترجمہ: اے اللہ! آپ کے نام سے میں مرتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں۔

**سیرت رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم**

ہمارے پیارے نبی کا نام "محمد" ہے، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ابو کا نام "عبد اللہ" اور امی جان کا نام "آمنہ" تھا۔ جب بھی ہم اپنے پیارے نبی کا نام سنیں یا بولیں تو ہمیں "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم" بولنا چاہیے۔

ہدایت برائے اساتذہ: طلبہ کو "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم" (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) یاد کروائیں۔

**اخلاق و آداب**

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم دائیں کروٹ پر سویا کرتے تھے، ہمیں بھی دائیں کروٹ پر سونے کی عادت ڈالنا چاہیے۔

# سبق - 2

**عقائد**

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ
أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

**قرآن**

اپنے کسی بھی کام کو شروع کرنے سے پہلے "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" پڑھیں، اس طرح کرنے سے اللہ تعالیٰ اس کام میں برکت پیدا فرمائے گا اور آپ کو اس کام میں کامیابی ملے گی۔

**حدیث**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ. (مسلم: 2564)

ترجمہ: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہوتا ہے۔

**دعا**

نیند سے بیدار ہونے کے بعد یہ دعا پڑھیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ

ترجمہ: تمام تعریفیں اور شکر اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں زندہ کیا بعد اس کے کہ اس نے ہمیں موت دی، اور اسی کی طرف (موت کے بعد) اُٹھ کر جانا ہے۔

**سیرت رسول ﷺ**

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ عرب کے ایک شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔ آپ جس قبیلہ (خاندان) میں پیدا ہوئے اس کا نام "قریش" تھا۔

**اخلاق و آداب**

اگر آپ کامیاب اور اچھے انسان بننا چاہتے ہیں تو رات میں جلدی سونے اور صبح میں جلدی بیدار ہونے کی عادت بنالیں۔

# سبق - 3

**عقائد**

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ
أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

**قرآن**

اس پوری کائنات کو اور ہم سب کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے، اور صرف وہی ہماری تمام ضرورتوں کو پورا کرتا ہے۔ اس لیے ہمیں ہر وقت اللہ تعالیٰ کی تعریف اور اس کا شکر ادا کرتے رہنا چاہیے۔
سورۂ فاتحہ کی پہلی آیت: "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" میں یہی بات بیان کی گئی ہے۔

**حدیث**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

وَالْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ. (بخاري: 2989)

ترجمہ: اچھی بات کہنا بھی صدقہ (نیکی) ہے۔

**دعا**

بیت الخلاء (باتھ روم) جانے سے پہلے یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

ترجمہ: اے اللہ! بیشک میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں گندے جنّوں اور جنّیوں سے۔

**سیرت رسول ﷺ**

پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کے اخلاق سب سے اچھے تھے، آپ ہر ایک کے ساتھ اچھے طریقہ سے پیش آتے اور ہمیشہ سچ بات کیا کرتے تھے، یہی وجہ تھی کہ لوگ آپ کو پسند کرتے تھے اور آپ کو "اَلصَّادِق" (سچا) اور "اَلْأَمِيْن" (امانت دار) کہا کرتے تھے۔
ہمیں بھی ہمیشہ سچ بات کرنا چاہیے اور کبھی جھوٹ نہیں بولنا چاہیے۔

**اخلاق وآداب**

گھر میں یا کہیں اور گندگی پھیلانا اچھی بات نہیں ہے، اس لیے جب کبھی باتھ روم جانے کی ضرورت ہو تو اپنے امی یا ابو سے یا کسی سے کہہ دیں، تاکہ وہ آپ کو باتھ روم لے جا سکیں۔

# سبق - 4

عقائد

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

قرآن

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٤﴾
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ﴿٥﴾

ہدایت برائے اساتذہ: طلبہ کو یہ آیات یاد کروائیں۔

حدیث

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْإِيْمَانِ. (مسلم: 223)

ترجمہ: پاکی آدھا ایمان ہے۔

دعا

بیت الخلاء (باتھ روم) سے باہر نکلنے کے بعد یہ دعا پڑھیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَذْهَبَ عَنِّى الْأَذٰى وَعَافَانِيْ

ترجمہ: تمام تعریفیں اور شکر اللہ کے لیے ہے جس نے مجھ سے گندگی کو دور کیا اور مجھے عافیت دی۔

سیرت رسول ﷺ

جب رسول اللہ ﷺ چالیس سال کے ہوئے، تب اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ ﷺ کی جانب قرآن مجید کی پہلی آیات بھیجی گئیں اور آپ ﷺ کو نبی بنایا گیا۔

اخلاق وآداب

اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو بہت پسند فرماتے ہیں جو صاف ستھرے رہتے ہیں۔ اس لیے ہمیں بھی اپنے بدن کو، اپنے کپڑوں کو اور اپنی چیزوں کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔

# سبق - 5

**عقائد**

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ،

**قرآن**

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿٦﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿٧﴾

ہدایت برائے اساتذہ: طلبہ کو یہ آیات یاد کروائیں۔

**حدیث**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ. (بخاري: 6168)

ترجمہ: انسان اس کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت رکھتا ہے۔

**دعا**

کھانا شروع کرنے سے پہلے "بِسْمِ اللهِ" پڑھ لیں، اور اگر "بِسْمِ اللهِ" پڑھنا بھول جائیں تو یاد آنے پر فوراً "بِسْمِ اللهِ فِيْ أَوَّلِهٖ وَاٰخِرِهٖ" پڑھ لیں۔

**سیرت رسول ﷺ**

حضرت جبرئیل علیہ السلام پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کے پاس اللہ تعالیٰ کا پیغام لے کر آیا کرتے تھے۔

**اخلاق و آداب**

جب کھانے کے لیے بیٹھیں تو اپنے سامنے سے کھائیں اور آرام آرام سے اطمینان کے ساتھ کھائیں۔ اگر کھانے کے دوران کوئی لقمہ دستر پر گر جائے تو اسے صاف کر کے کھالیں۔

# سبق - 6

**عقائد**

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيئٍ قَدِيْرٌ.

**قرآن**

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٤﴾
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ﴿٥﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿٦﴾
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿٧﴾

ہدایت برائے اساتذہ: پوری سورۂ فاتحہ کا اعادہ کروائیں۔

**حدیث**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

خَيْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ. (بخاري: 5027)

ترجمہ: تم میں سے سب سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور اُسے سکھائے۔

**دعا**

کھانا کھانے سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ

ترجمہ: تمام تعریفیں اور شکر اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔

**سیرت رسول ﷺ**

حضرت محمد ﷺ نبی بنائے جانے سے پہلے ہی سے بہت ہی نیک اور رحم دل انسان تھے، آپ ﷺ غریبوں کی مدد فرماتے، بھوکوں کو کھانا کھلاتے اور لوگوں کو اچھے کاموں کی دعوت دیتے تھے۔

**اخلاق وآداب**

اگر آپ کو آپ کی پسندیدہ چیز کھانے کے لیے ملے تو "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" کہیں اور اللہ کا شکر ادا کریں، اور اگر کوئی ایسی چیز ہو جو آپ کو پسند نہ ہو تو اسے چھوڑ دیں لیکن اس میں کوئی عیب نہ نکالیں اور نہ ہی اس چیز کو برا کہیں۔

# سبق - 7

عقائد

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّأَنَا أَعْلَمُ بِهٖ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ بِهٖ،

قرآن

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿١﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ﴿٢﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ﴿٣﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ ﴿٤﴾

ہدایت برائے اساتذہ: طلبہ کے سامنے اس سورت کا تعارف پیش کریں اور آسان انداز میں اس کا مفہوم بتائیں۔

حدیث

رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

اِتَّقُوا الظُّلْمَ فَإِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (مسلم: 2578)

ترجمہ: ظلم سے بچو! اس لیے کہ ظلم قیامت کے دن اندھیرے ہوں گے۔

دعا

جب کسی کے پاس کھانا کھانے جائیں تو کھانے کے بعد یہ دعا بھی پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ أَطْعِمْ مَّنْ أَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ

ترجمہ: اے اللہ! آپ (اُسے) کھلایئے جس نے مجھے کھلایا اور (اُسے) پلایئے جس نے مجھے پلایا۔

سیرت رسول صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بچوں میں سب سے پہلے رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے لائے ہوئے دین (اسلام) کو قبول کیا۔

اخلاق وآداب

کھانے کے دوران اپنی پلیٹ میں ضرورت کے بقدر ہی کھانا ڈالیں، ضرورت سے زیادہ کھانا لینا اور پھر بعد میں پلیٹ میں کھانا چھوڑ دینا بہت خراب بات ہے۔

# سبق - 8

**عقائد**

اَللّٰهُمَّ إِنِّيٓ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ شَيْـًٔا وَّأَنَا أَعْلَمُ بِهٖ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ بِهٖ، تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْمَعَاصِي كُلِّهَا،أَسْلَمْتُ وَاٰمَنْتُ وَأَقُوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

**قرآن**

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝١ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝٢

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝٣

ہدایت برائے اساتذہ: طلبہ کے سامنے اس سورت کا تعارف پیش کریں اور آسان انداز میں اس کا مفہوم بتائیں۔

**حدیث**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ. (بخاري: 6013)

ترجمہ: جو رحم نہیں کرتا اُس پر بھی رحم نہیں کیا جاتا۔

**دعا**

دودھ پینے کے بعد یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے لیے اس میں برکت عطا فرما اور ہمیں زیادہ دے اس سے۔

**سیرت رسول ﷺ**

ہمارے پیارے نبی ﷺ کا پہلا نکاح مکہ کی ایک معزز خاتون حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ ہوا،اس وقت رسول اللہ ﷺ کی عمر پچیس سال تھی۔

**اخلاق و آداب**

اگر کھانے یا پینے کی چیز گرم ہو تو اسے ٹھنڈا کرنے کے لیے اس میں پھونک نہ ماریں، اس لیے کہ ہماری سانس میں جراثیم ہوتے ہیں جو پھونک کے ساتھ کھانے یا پینے کی چیز میں جا سکتے ہیں۔

# ہدایات برائے اساتذہ - حروف کی تعلیم

اس کتاب میں طلبہ کو حروفِ تہجی آسان اور دلچسپ انداز میں سکھانے کے لیے کچھ شکلوں اور مثالوں کا سہارا لیا گیا ہے، آپ جب بھی کوئی حرف سکھائیں تو اس وقت اس حرف کے لیے ٹائٹل کے اندرونی صفحات پر دی گئی تصویروں اور مندرجہ ذیل کہانیوں کو خاص طور پر استعمال کریں، ان شاء اللہ اس طرح سے بچوں میں دلچسپی بھی پیدا ہوگی اور وہ حروف کی شناخت بھی بآسانی کرسکیں گے۔

**سبق: ۱-** م مائک کی شکل میم کے جیسی ہی ہے، مائک کی شکل یاد ہوجائے گی تو میم کی شکل بھی یاد ہوجائے گی۔ مائک میم، مائک میم، مائک میم۔

ب بال اور بیٹ، دونوں باء کی آواز سے شروع ہوتے ہیں اور دونوں مل کر "ب" بنا رہے ہیں۔ بار بار دہرائیے: بال اور بیٹ، بال اور بیٹ۔

**سبق: ۲-** و کیا آپ بول سکتے ہیں "واوٗ"، "واوٗ! بہت اچھا"۔ اب منھ کی طرف دیکھیے کہ یہ گول ہے، واوٗ کا حرف بھی گول ہے اور اُس کی دُم بھی ہے۔ کیا آپ بول سکتے ہیں: "واوٗ، واوٗ"۔

ف "ف" فون کے ریسیور کی طرح ہے جس سے آواز باہر آرہی ہے۔ یہ مڑی ہوئی انگلی کی طرح بھی لگتا ہے، یہ چاہتا ہے کہ اُس کے سر پر پھول ہو، دیکھیے آپ کے اطراف میں " ف " جیسی کوئی چیز نظر آرہی ہے؟

---

**سبق: ۳-** ث "ث" کو پھل کھانا بہت پسند ہے، وہ ہمیشہ تین پھل (ثَلَاثَةُ ثَمَر) اپنے اوپر لے کر چلتا ہے۔

ذ یہ ہے مکھی، اس کو عربی میں "ذُبَاب" کہتے ہیں۔ ذال کی آواز پر غور کیجیے، "زُبَاب" نہیں "ذُبَاب"۔ آپ اگلے سبق میں پڑھیں گے کہ "د" درانتی سے بنا تھا، "ذُبَاب" ذذذذ کرتے ہوئے دال پر بیٹھی جس سے "د" "ذ" بن گئی۔ "ذُبَاب" سے ذال۔

ظ ظ سے ظبي (ہرن) ظ ہمیشہ اپنے اوپر ظبي (ہرن) کو بٹھائے رہتا ہے اس لیے ظبي سے "ظ"۔

---

**سبق: ۴-** ت "ت" تربوز کو بہت پسند کرتا ہے، جی ہاں! یہی وجہ ہے کہ اگر ہم تربوز کاٹیں تو "ت" نکلتا ہے۔

د "د" تربوز کو کاٹا تو "ت" نکلا، تربوز کو ہم نے کس سے کاٹا؟ درانتی سے کاٹا، درانتی کو دیکھیے، یہ "د" کی طرح نظر آتی ہے، درانتی سے "د"۔

ط اب اس کٹے ہوئے تربوز کو "ط" نے کھایا تو طاقتور بن گیا اور اس کی آواز ہوگئی موٹی: "ط"، "ط"۔

---

**سبق: ۵-** ز موز کی آواز اس طرح نکالیے کہ آخر کی "ز" کی آواز لمبی اور زوردار ہو، اور پھر کہیے کہ موز کی شکل "ز" جیسی ہے۔

س سانپ کی شکل "س" جیسی ہے! یہاں پر آپ بچوں کا شوق بڑھانے کے لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مختصر قصہ بھی سنا سکتے ہیں، البتہ یہ ضرور کہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی سانپ بن جاتی تھی، مگر یہ سانپ نہیں۔

ص اس "س" کا سر بند کر دیا جائے تو وہ موٹا ہوجاتا ہے اور اس کی آواز بھی موٹی ہوجاتی ہے۔ "ص" کی آواز کو خوب دہرا کر بتائیے۔

سبق: -۶ ل اللہ کا شکر ہے کہ اللہ نے ہمیں لنگڑا نہیں بنایا، لنگڑے کی لاٹھی کو اُلٹ دیں (لنگڑا، لاٹھی، اُلٹنے پر زور دیں) تو عربی کا حرف " ل " بن جاتا ہے، لنگڑا، لاٹھی۔

ن ناریل میں نقطہ دیں تو وہ " ن " بن جاتا ہے۔

ر (اس حرف سے متعلق تصویر دکھا کر کہیں) اس جانور کو انگریزی میں (Rhino) کہتے ہیں۔ اس کو " ر " بہت پسند ہے، یہ " ر " کو اُٹھائے پھرتا ہے۔ رائنو سے " ر " " ر " " ر "۔

سبق: -۷ ج کیا آپ کو " جامن " پسند ہے؟ " ج " کو بھی جامن بہت پسند ہے اس لیے وہ ہمیشہ اپنے پیٹ میں ایک جامن رکھتا ہے۔

ش سانپ پر بارش ش ش ش ش ش (ش کو کھینچ کر زور سے ادا کیا جائے) ہو تو وہ " ش " بن جاتا ہے۔

ی یاء کے لیے آپ خود اسی طرح کوئی آئیڈیا یا کوئی کہانی سوچ سکتے ہیں۔

سبق: -۸ ض (اس حرف سے متعلق تصویر بتا کر کہیں کہ) یہاں کالے خانے میں روشنی کو دیکھیے، عربی زبان میں روشنی کو " ضَوْء " کہتے ہیں۔ یہ " ضَوْء " ص پر پڑی تو وہ ض ہو گیا، ض سے ضَوْء۔

ك (اس حرف سے متعلق تصویر بتا کر کہیں کہ) اس کرسی کو دیکھیے، یہ بالکل " ك " کی طرح ہے، ایک مرتبہ " ك " اپنے دوستوں کے ساتھ کھیل کر بہت تھک گیا، اب وہ بیٹھ کر آرام کرنا چاہتا تھا، اسے ایک کرسی نظر آئی جو بالکل اسی کی طرح تھی، وہ کرسی کے پاس آ کر اس پر بیٹھ گیا اور اپنی ٹوپی اتار کر گود میں رکھ لی۔ اب کرسی بھی " ك " بن گئی، کرسی سے " ك "، " ك "، " ك "۔

ق (اس حرف سے متعلق تصویر بتا کر کہیں کہ) یہ ہے چاند! عربی میں چاند کو " قَمَر " کہتے ہیں، قَمَر نے فاء کو اکیلے دیکھا تو بالکل چھوٹا بن کر اس کے سر پر آ کر بیٹھ گیا، کون بیٹھا؟ قَمَر، قَمَر توف بن گیا ق۔ قَمَر کو بیلنس کرنے کے لیے ف گول ہو گیا۔ قَمَر سے ق، ق، ق۔

سبق: -۹ ء ہمزہ کے لیے آپ خود کوئی کہانی، اشارہ یا تصویر بنا کر بچوں کو سمجھائیں۔

ہ ہاتھ کی ہتھیلی کی شکل ہ کے جیسی ہے (ہاتھ، ہتھیلی، ہاء کی آواز پر زور دیجیے) دونوں ہاتھوں کو ملا کر کہیے کہ یہ بھی ہاء ہے مگر دو آنکھوں والا (ھ)

سبق: -۱۰ ع ع کو عطر بہت پسند ہے، جب بھی وہ عطر کی شیشی کو دیکھتا ہے تو اس سے لپٹ جاتا ہے تاکہ اس کے سارے جسم میں خوشبو بھر جائے۔ تو یہ ہے ع ! عطر سے ع، ع، ع۔

ح کیا آپ کو یاد ہے کہ " ج " ہمیشہ اپنے پیٹ میں جامن رکھا کرتا تھا؟ جب وہ جامن ہضم ہو جائے تو وہ بن جاتا ہے " ح "۔

سبق: -۱۱ غ ع کو غسل دیں تو بنے گا " ع "۔ ع کو غسل دینے کے لیے ایک قطرہ کافی ہے نا؟ غسل کی غ پر خوب دیجیے: غ، غ، غ۔

خ " ح " جب بھوکا ہو گیا تو وہ دوبارہ کھانا تلاش کرنے لگا، اُسے ایک روٹی ملی، عربی میں روٹی کو " خُبْز " کہتے ہیں۔ ح اُس خُبْز کو اپنے سر پر اُٹھا کر گھر کی طرف بھاگا اور چلّانے لگا: خُبْز ملی، خُبْز ملی، خُبْز ملی۔ خُبْز سے خ، خ، خ۔

نوٹ: یہ چھ حروف حلق کے ہیں: ء، ہ، ع، ح، غ، خ۔ ان چھ حروف کو دو دو کی جوڑی بنا کر حلق کی طرف نیچے سے اوپر کی جانب اشارے کرتے ہوئے پڑھائیں اور طلبہ سے اشارے کرواتے ہوئے خوب دہرائیں۔